Total Number of Questions 08 Total Number of pages.03

Roll No..............................

# Class 8th

# Term 1st 2019

**Series-B**

## URDU اُردو

میقات۔اول وقت۔ڈھائی گھنٹے نمبرات۔30

سوال نمبر۱۔درج ذیل اشارات دیکھ کر سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔

برف باری،خوبصورت نظارہ،سرمائی کھیل،چھٹی،شدید ٹھنڈ،مشکلات چار سو،بچے خوش۔

یا

سال میں دو،عیدالفطر،مسلمان،صیام کے روزے،بچے خوش،عیدی،نئے کپڑے 05

سوال نمبر۲۔آپکے سکول میں اُردو کا استاد نہیں ہے اس لئے آپ کی تعلیم متاثر ہوری ہے اس بارے میں اپنے ضلع کے تعلیمی آفیسر کے نام ایک درخواست لکھیے۔

یا

اپنے دوست کے نام خط لکھیں جس میں سرمائی چھٹیاں کشمیر میں گزارنے کی استدعا کریں۔ 04

سوال نمبر۳۔درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر آخر پر دئے گئے سوالات کا جواب دیجئے۔

بوڑھا کسان بولا کہ،سرکار! اتنا برا گیہوں اب نہیں اُگتا۔کیونکہ آج کا انسان لالچی ہوگیا ہے۔اس دور ہر انسان خدا پر ایمان رکھتا تھا۔وہ اپنی محنت پر بھروسہ کرتا تھا اس کی صحت بھی اچھی ہوتی تھی۔کھیت اتنے بڑے ہوتے تھے جتنی خدا کی زمین۔کوئی کھیتوں پر قبضہ نہیں کرتا تھا۔سب اکٹھے کماتے اور کھاتے تھے۔

سوالات۔ ا۔ پرانے لوگ کیسے کماتے تھے؟

۲۔ یہاں، سرکار، سے کیا مراد ہے؟

۳۔ آج بڑا گیہوں کیوں نہیں اُگتا؟

۴۔ پرانے انسان کی دو خوبیاں بیان کیجئے؟

04

سوال نمبر۴۔ درج ذیل میں دو سوالات کے جوابات لکھیے۔

ا۔ لل دید کو کن کن ناموں سے پکارا جاتا ہے؟ (لل دید)

۲۔ استاد کی رہنمائی کیوں ضروری ہے؟ (استاد کا احترام)

۳۔ لیبارٹری کس سے کہتے ہیں؟ (جابر بن حیان)

۴۔ فطرت کے کن کن مناظر سے شاعر متاثر ہے؟ (اے وطن)

02

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں دو جملوں کے لئے سوال بنائے۔

ا۔ سگریٹ کی ہر پیکٹ پر یہ درج ہوتا ہے۔ کہ سگریٹ نوشی سے کینسر ہوتا ہے۔

۲۔ یہ جابر ہی تھا جس نے سونا پگھلانے والا تیزاب ایجاد کیا۔

۳۔ 2019 کا عالمی کپ کرکٹ انگلینڈ میں کھیلا جا رہا ہے۔

02

سوال نمبر۶۔ ہدایت کے مطابق عمل کر کے لکھیے۔

ا۔ بلی نے چوہے کو پکڑا۔ (فعل کون سا ہے)

۲۔ یہ خوبصورت مینار ہے۔(صفت کون سا ہے)

۳۔راشدہ کتاب پڑھ رہی ہے۔(مفعول کون سا ہے)

04 ۴۔ میں روز مسجد جاتا ہوں ہے۔ (اسم نکرہ کونسا ہے)

سوال نمبر ۷۔(الف) تذکیر و تانیث کیجیے۔(صرف چار کے)

درزی۔دھوبی۔خالہ۔رانی۔والد

02

(ب)ضد لکھیے۔ (صرف چار کے)

اوپر ۔اُجالہ۔دائیں۔بلند۔صغیر

02

سوال نمبر ۸۔(الف) درج ذیل محاوروں میں تین کو جملوں میں استعمال کرو۔

کشید کرنا۔دھن سوار ہونا۔دریافت کرنا۔برلانا۔فراخ دل

03

(ب) کالم الف اور کالم ب کو آپس میں ملائے۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| عطر بیچنے والے کو | طالب علم کہتے ہیں |
| پڑھانے والے کو | ڈاکٹر کہتے ہیں |
| پڑھنے والے کو | استاد کہتے ہیں |
| علاج کرنے والے کو | عطار کہتے ہیں |

02